تصاویر بشکریہ گنگ دیپ شیلنیکر

گوا بیس بال میچ میں امریکی جہازرانوں کی شرکت

ہندوستانی، ۱۳ امریکی ۱

بحری فوج کے جہاز یو ایس ایس کول کے جہازرانوں نے گوا بندرگاہ کے دورے کے دوران، ۲۳ اپریل کو گوا بیس بال ایسوسی ایشن کی سینئر ٹیم سے مقابلے کے لئے گوا میں پہلی امریکی بیس بال ٹیم بنائی۔

گو کہ یہ میچ دوستانہ تھا لیکن غیر متوازن تھا۔ نتیجہ صاف ظاہر تھا۔ بیس بال کے سو سے زیادہ نوجوان کھلاڑیوں، شائقین، امریکی جہازرانوں، گوا اور امریکی قونصل عام ممبئی کے افسران کی تالیوں کے بیچ ہندوستانی ٹیم نے ۱۔ ۱۳ سے میچ جیت لیا۔

گوا ٹیم کے ارکان پورے سال مشق کرتے رہتے ہیں۔ انہوں نے اپنی صلاحیت کو مہارت میں تبدیل کرلیا ہے۔ کئی ہندوستانی چمپین شپس سے بھی وہ سرفراز ہوئے ہیں۔

یو ایس ایس کول ٹیم، جنوری سے جہاز پر متعین تھی۔ چونکہ جہاز کے عرشے پر بیس بال کا میدان نہیں ہوا کرتا، لہٰذا اس ٹیم کی مشق نہ ہوسکی۔ پھر بھی ہندوستان آنے کے بعد انہوں نے اپنی صلاحیتوں کو صیقل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ یو ایس ایس کول آپریشنز افسر، لیفٹیننٹ رے گلین نے میچ کے بعد کہا کہ امریکی عوام اس بات پر نازاں اور شاداں ہیں کہ بیس بال کی مقبولیت دنیا کے طول و عرض میں پھیلتی جارہی ہے۔ پرانی کہاوت، ''یہ بیس بال اور ایپل پائی کی طرح خالص امریکی ہے،'' کی جگہ اب نئی کہاوت ''یہ بیس بال اور مسالے کی طرح خالص ہندوستانی ہے۔'' نے لے لی ہے۔

Registered Under RNI-DELURD/2003/9333